بسم الله الرحمن الرحيم

THE HAQ CHAR YAAR WEBSITE
IS DEDICATED IN THE NAME OF
THE COMPANIONS [R.A]
OF
PROPHET [PEACE BE UPON HIM].
WE ARE REVEALING THE TRUTH AND
FACTS ABOUT THE ANTI SAHABAH [R.A]
PROPAGANDA OF
THE NON MUSLIM ORGANIZATIONS.

WWW.KR-HCY.COM

® Haq Char Yaar. A Project of HCY Global.
Stuff available for non-profit free distribution.

میں سمجھا تھا جسے خضرِ رہِ دینِ متین زاہد
نقاب اُلٹی تو در پردہ وہ ابلیس لعین نکلا

شیعی دھرم

مؤلف

حضرت مولینا ابوالوفا محمد قاسم فاروقی جلبانی بلوچ

ومعہ

خمینی کے وصیت نامہ کا جواب

از

حکیم العصر مولینا محمد یوسف لدھیانوی

الصہیب پبلیکیشنز کراچی

فہرستِ مضامین

مضامین	صفحہ	مضامین	صفحہ
تقریظات	۳	حضرت علیؓ کے متعلق شیعی نظریہ	۳۱
پیش لفظ	۷	حضرت علی امام مہدی کے مرید	۳۴
قرآن کے متعلق شیعی نظریہ	۱۱	ہوں گے۔	″
تحریف قرآن کے چند حوالے	۱۳	حضرت علیؓ کی بے بسی	۳۵
نرالا مذہب نرالے عمل	۱۵	صحابہ کرامؓ کے متعلق شیعی عقائد	۳۶
کلمہ طیبہ کی تائید شیعہ کتب سے	۱۸	حضرت معاویہؓ مخلوقِ خدا میں	۳۸
نکاح کے متعلق روایات	۲۲	بدترین انسان ہیں، نعوذ باللہ۔	″
لفظِ ناصبی کی تعریف	۲۵	بعد از وفات پیغمبر علیہ السلام	۴۲
اہلِ بیت کے متعلق شیعی عقیدہ	۲۷	در بارۂ امامت۔	۴۸
بنات رسول کے متعلق شیعی عقیدہ	″	متعہ کی اہمیت	۵۲
خلفاءِ ثلثہ کے متعلق شیعی عقیدہ	″	صرف بوس و کنار کرنے پر	۵۵
حضرت ابوبکرؓ کافر ظالم فاسق	″	حج و عمرہ کا ثواب ملے گا۔	″
تھے نعوذ باللہ۔	″	چکلے والی عورت سے متعہ کرنا جائز ہے	″
حضرت سیدنا عمر بن خطابؓ کے	۲۹	کم خرچ بالانشین	۵۶
متعلق بدگوئی۔	″	مقام صحابہؓ خمینی کی نظر میں	۵۷
حضرت سیدنا عثمانؓ کے متعلق	″	متفرقات	۵۹
شیعی نظریات	″	در بارۂ تقیہ	۶۱

مضامین	صفحہ	مضامین	صفحہ
تقیہ کرنا میرے اور میرے آبا کا دین ہے	۶۲	جعفر صادقؒ ہر نماز کے بعد اصحابِ رسولؐ	۸۰
خدا کی قسم تقیہ خدائی تقسیم ہے	״	پر لعنت کرتے تھے۔	״
روئے زمین پر تقیہ سے زیادہ	״	شیعہ کا نام رافضی خود اللہ نے رکھا۔	۸۱
پسندیدہ کوئی چیز نہیں۔	״	انبیاء و آئمہ پر شیعی دھرم کے الزامات	۸۳
جعفرؒ کی آنکھوں کی ٹھنڈک تقیہ ہے۔	۶۳	ابو البشر سیدنا آدم علیہ السلام میں	״
جھوٹ بولنا شیعوں کیلئے رحمت ہے	۶۴	اصولِ کفر موجود تھے۔	״
بجز شیعہ سب حرام زادے ہیں۔	۶۸	آدمؑ و حواؑ نے شیطان کی اطاعت کی	۸۵
دربارہ سُنی شیعی نظریات۔	۷۰	یونس علیہ السلام کو خلافت علیؓ کے	״
سُنی کتے اور مشرک سے زیادہ پلید ہیں۔	۷۱	انکار پر سزا ملی۔	״
سنی کی نماز اور زنا میں کوئی فرق نہیں	۷۳	شیعوں کے امام کی کذب بیانی	۸۶
سنی کی جنازہ نماز میں شریک ہو کر	״	بابُ الکتمان	۶۸
اس پر بد دعا کریں۔	״	بقول جعفر صادقؒ وطی فی الدبر جائز ہے	۹۱
جعفر صادقؒ کا آلۂ تناسل پر پٹی	۷۴	امام جعفر کے علاوہ امام رضا بھی	״
لپیٹنا، مالش کرنا۔	״	وطی فی الدبر کے جواز کے قائل ہیں	״
امام باقرؒ تقیہ کر کے غلط فتوی دیتے تھے	۷۶	شیعہ دھرم میں عورت کی شرمگاہ کو	۹۲
جعفر صادقؒ کی دو رخی پالیسی۔	۷۷	چومنا جائز ہے۔	״
قول علیؓ کہ شیعہ مرتد ہوں گے۔	۷۹	شیعہ دھرم میں مشت زنی قابل مواخذہ	۹۳
		جرم نہیں۔	

مضامین	صفحہ	مضامین	صفحہ
شیعہ دھرم میں عورت کے	۹۳	پیشاب اگر پنڈلی تک بہہ جائے	۹۷
فرج کو مستعار دینا جائز ہے۔	"	کوئی حرج نہیں۔	"
شیعہ دھرم میں عورت کو ننگا	۹۴	شیعہ دھرم میں گدھا، خچر	"
کر کے فرج کو دیکھنا اور اس	"	چمگادڑ، گھوڑا سب حلال	"
میں انگلیاں ڈال کر کھیلنا	"	ہیں۔	"
بہت لذیذ ہے	"	شوربا حلال بوٹیاں حلال	۹۸
مرتے وقت آدمی کے منہ سے	۹۵	امام باقر نے بیت الخلاء سے روٹی کا	۹۹
اور آنکھ سے منی نکلتی ہے	"	ٹکڑا اٹھایا۔ غلام نے کھایا	"
ساس سے زنا کرنے پر بیوی	"	جنت واجب ہوگئی۔	"
کبھی بھی حرام نہیں ہوتی۔		ایرانیوں کا کلمہ	۱۰۲
شیعی دھرم کے یا فقہ جعفریہ	۹۷	آخری گزارش	۱۰۳
کے فقہی مسائل۔	"	شیعوں سے مقاطعہ قرآن و	۱۱۰
		حدیث کی روشنی میں ضروری	
		ہے	
		خمینی کا وصیت نامہ	۱۲۱

انتساب

اس مجاہدِ اعظم، بطلِ حریت، سرخیلِ اہلِ سنت، میرِ کاروانِ حنفیت امیرِ عزیمتؒ، کے نام! جس نے اپنی زندگی ناموسِ رسالت کے جانثاروں کی مدح سرائی میں گذارنے کا عزم کیا تو عبداللہ بن سبا کی معنوی اولاد اور ان کے بہی خواہوں کی ملی بھگت سے اس مردِ مجاہد کی زندگی جیل کی کال کوٹھڑی میں گذری مگر ان کے پائے استقلال میں ذرہ بھر جنبش نہ ہوسکی۔

اے رب ذوالجلال! شہیدِ ناموسِ صحابہ حضرت مولانا حق نواز صاحب جھنگوی نوراللہ مرقدہٗ کی ذات پر ان گنت کرم فرما، درجات بلند فرما! مجھ جیسے ناکس کو اُنکی تحریک تحفظِ ناموسِ صحابہؓ کا شیدائی بنا۔ اپنے محبوب سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے پروانوں سے قلبی لگاؤ اور ان کی حرمت و عزت پر مر مٹنے کے لئے ہماری جانیں قبول فرما۔ آمین ثم آمین۔

احقر ابوالوفا فاروقی عفی اللہ عنہٗ

مدرس جامعہ عربیہ صدیقیہ جامع مسجد صدیق اکبرؓ۔ بلاک ۲

پاکستان بازار

اورنگی ٹاؤن ½ ۱۱ کراچی نمبر ۴۱

بروز منگل ۱۱ ذی قعدہ ۱۴۱۳ھ ۴ مئی ۱۹۹۳ء

باسمہ تعالیٰ

الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام علی
علی رسولہ الکریم ۔

اما بعد ۔ بندہ احقر عبدالرحمٰن ہوشیار پوری زمانۂ طالب علمی سے برادرِ مکرم مولانا ابوالوفا محمد قاسم فاروقی صاحب مدظلہ کو جانتا ہے کیونکہ ۱۹۷۵ء میں بندہ ملتان کی معروف دینی درسگاہ خیرالمدارس میں زیر تعلیم تھا ۔ وہیں مولانا فاروقی صاحب بھی تعلیم حاصل کرتے تھے ۔ مولانا سے ایک گونہ قلبی تعلق تھا چونکہ ہم اکثر کتب کا تکرار انہیں سے کراتے تھے ۔ مولانا صاحب میرے جیسے کم فہم طلبا کو چٹکیوں میں سبق سمجھا دیتے تھے ۔

انہیں دنوں مولانا صاحب نے اسّی صفحات پر مشتمل ایک کتاب لکھی جو بریلویت کے متعلق تھی ، جس کے غلط عقائد پر بڑی تفصیل سے روشنی ڈالی گئی تھی وہ بیحد پسند کی گئی تھی ۔ اس وقت اساتذہ کرام بالخصوص مولانا عتیق الرحمٰن صاحب مرحوم اور مولانا غلام مصطفیٰ صاحب مرحوم نے بیحد تعریف کی تھی ۔ اب زیرِ نظر رسالہ مسمیٰ "بہشتی دھرم" جو نام سے وضاحت کر رہا ہے کہ اسمیں شیعوں کے غلط عقائد و نظریات پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے خداوند قدوس برادرم مولانا ابوالوفا محمد قاسم فاروقی صاحب کی اس سعی و کوشش کو شرفِ قبولیت سے نوازے ۔ آمین ۔ والسلام

احقر عبدالرحمٰن ہشیار پوری حال وارد ملتان

۸/ ۳/ ۱۹۸۸

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

اما بعد:

بندہ ابو معاویہ عبدالستار الحسینی نے حضرت مولانا ابو الوفار محمد قاسم فاروقی صاحب مدظلہ کی کتاب شیعی دھرم کا مطالعہ کیا اور اور بعض حوالہ جات کو چیک بھی کیا ہے۔ الحمد للہ وہ سب صحیح ہیں۔ بندہ مولانا کو ذاتی طور پر جانتا ہے اور اچھے خاصے تعلقات ہیں، ماشاء اللہ مولانا علمی اور عملی شخصیت کے مالک ہیں۔ اور اصلاح امت کا درد دل میں رکھتے ہیں اسی جذبہ کے تحت مولانا نے مذکورہ کتاب تحریر کی، اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ مولانا کی اس کتاب کے ذریعے سنی عوام میں بیداری آئے گی۔ اور یہ بات بھی واضح ہو جائے گی کہ شیعہ اثنا عشری کا دین سے اور اسلام سے دور کا واسطہ بھی نہیں، آخر میں رب العزت کی دربار میں دعاگو ہوں کہ اللہ تعالیٰ مولانا کے رسالہ ہذا کو سنی عوام کے لئے نفع مند بنائے اور رسالہ کو شرفِ قبولیت نصیب فرمائیں اور مولانا کی زندگی میں برکت اور اجرِ عظیم نصیب فرمائیں۔ آمین ثم آمین۔

فقط۔

ابو معاویہ عبدالستار الحسینی غفرلہ

رکن مجلس شوریٰ سپاہ صحابہؓ پاکستان کراچی ڈسٹ

یکم مارچ ۱۹۹۳ء

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ النبی الکریم

امابعد! رسالۂ ہذا کے لکھنے کی ضرورت کچھ یوں محسوس ہوئی کہ مسلک تشیع کے نابکار، خمینی پٹھو، سامراجی ایجنٹ، شروع سے دینِ اسلام کے خلاف زبانِ طعن وتشنیع دراز کرتے آتے ہیں اور ہنوز بھی یہی کوشش کر رہے ہیں کہ کسی طریقہ سے مملکتِ خداداد (پاکستان) میں دینی اقتدار کی پائمالی ہو، اور احیاءِ دین نہ ہو اور دینِ اسلام کی سربلندی نہ ہو، بلکہ خمینی ازم وشیعی دھرم کا بول بالا ہو۔ مگر انشاء اللہ العزیز ان کا یہ خواب کبھی بھی پورا نہیں ہوگا۔

یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے مختلف علاقوں میں قتل و غارت گری کی جو خونیں ہولی کھیلی گئی اس میں خمینی ایجنٹ ملوث پائے گئے۔ علماءِ کرام (بالخصوص امیرِ عزیمت مولانا حق نواز جھنگوی شہید، مولانا ایثار القاسمی شہید، مولانا عبد الصمد آزاد شہید، جھنگ کے شہداء خمسہ مولانا احسان اللہ فاروقی شہید، مولانا مختار احمد سیال شہید، علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید، علامہ حبیب الرحمٰن یزدانی شہید جیسے جید اور مقتدر علماءِ کرام کو شہید کیا اور قاتل بھی شیعہ لابی ہے۔

پاکستان کی ایک عظیم اور مقتدر سیاسی شخصیت جنرل فضل حق مرحوم کو بھی انہوں نے شہید کیا۔

مگر بندہ کے لئے انتہائی حیرت کا مقام ہوتا ہے کہ جب پاکستانی روزناموں میں شہہ سرخیوں سے یہ خبر لکھی ہوئی ہوتی ہے کہ آج فلاں مذہبی راہنما نے شیعہ مسلک کے فلاں راہنما سے اہم امور پر تبادلۂ خیال کیا تو اس وقت بے ساختہ زبان پر یہ الفاظ آجاتے ہیں کہ ؎

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

بھلا اس قسم کے لوگوں سے جو ہمارے جان سے پیارے ملک کے دشمن ہوں ہمارے مذہب دینِ اسلام کے دشمن ہوں بلکہ ہماری جان کے بھی دشمن ہوں اُن سے اتحاد کی بات کرنا چہ معنی دارد۔

؎ ہم کو ان سے توقع وفا کی ہے

جو نہیں جانتے وفا کیا ہے

کچھ عرصہ قبل بندہ کراچی گلشن اقبال میں مقیم تھا کہ اخبار میں ایک خبر شائع ہوئی جو میرے لئے اس رسالے کا سبب بنی خبر یوں تھی کہ "یہی قرآن مجید جسے مصحف عثمانی بھی کہا جاتا ہے۔ یہی قرآن سب کے لئے حجت ہے" یہ خبر اصل میں اقتباس تھا، عقیل تُرابی کی تقریر کا جو اس نے خالقدینا ہال میں "قرآن حجت ہے" کے موضوع پر اپنے بیان میں کہی تھی اور یہ خبر روزنامہ جنگ کراچی میں مورخہ ۳ محرم الحرام ۱۴۰۸ھ مطابق ۲۸ اگست ۱۹۸۷ء بروز جمعۃ المبارک کو شائع کی گئی یہ خبر پڑھ کر از خد

دُکھ ہوا کیونکہ ایک طرف خمینی دھرم کا۔ خلاصہ یہ ہے کہ قرآن مجید صحیح نہیں ہے بلکہ محرف شدہ ہے اور اس کے کاتبین نعوذ باللہ مرتدین اور شراب خور تھے اور دوسری طرف عقیل ترابی کا یہ بیان کہ ...... یہ تضاد بیانی تقیہ کی غمازی کرتی ہے۔

اس لئے انہی دنوں رسالہ لکھنے کا آغاز کر دیا تھا۔ ایک مُسودہ تیار ہو گیا تھا مگر وہ اپنی لائبریری میں کہیں رکھا تو ذہن سے یہ بات نکل گئی مدت مدیدہ کے بعد گذشتہ دنوں ایک فقہی مسئلہ کے پیش نظر چند کتابوں کو نکالا تو یہ مسودہ بھی نظر آگیا۔ بہرحال احباب کے بار بار اصرار کے پیش نظر اس پر نظر ثانی کی گئی اور چند ایک علماء کے پاس برائے تقریظ بھیجا گیا تو واپسی پر برادر مکرم مولانا ابو معاویہ عبدالستار الحسینی صاحب خطیب جامع مدینہ مسجد بلوچ کالونی اورنگی ٹاؤن ۱۱½ کی ہمت افزائی کے تحت مسودہ ھذا برادرم مولانا محمد اعظم بختیار صاحب کے حوالہ کر رہا ہوں اور اس کی اشاعت کے جملہ حقوق انہی کے حوالہ کرتے ہوئے ایک دینی فریضہ کی ادائیگی سے سبکدوش ہو رہا ہوں اللہ رب العزت سے عاجزانہ درخواست ہے کہ اس مختصر سے رسالہ کو شرف قبولیت بخشے اور عامۃ المسلمین کو اس سے پورا پورا استفادہ حاصل کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

اور اہل سنت سے مؤدبانہ درخواست کرتا ہوں کہ خدارا اپنے ازلی اور ابدی دشمن کو پہچانیں اور عظمت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و اہل بیت عظام کے تحفظ کے لئے اپنی زندگی کو وقف کر دیں۔ اسی میں ہم سب کی فلاح و

کامیابی ہے۔

واللہ المستعان وعلیہ التکلان

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

احقر ابوالوفا فاروقی غفرلہٗ جلبانی بلوچ

مدرس جامعہ عربیہ صدیقیہ جامع مسجد صدیق اکبرؓ بلاک جے

پاکستان بازار اورنگی ٹاؤن ½ 11 کراچی نمبر ۳۱

پوسٹ کوڈ نمبر ۷۵۸۰۰

۱۱ ذی قعدہ ۱۴۱۳ھ بمطابق ۴ مئی ۱۹۹۳ء

بروز منگل صبح ۹ بجے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن کے متعلق شیعی نظریہ

قبل اس کے کہ میں دیگر امورِ خمینی دھرم کے حوالہ جات پیش کروں مگر میں قرآن مجید کی بحث کو مقدم سمجھتا ہوں کیوں اللہ کی اس لاریب کتاب کے متعلق کسی کا نظریہ صحیح ہوگا تو وہ مسلمان ورنہ ۔۔۔۔۔۔

آیئے اب دیکھئے کہ شیعوں کا عقیدہ اس کتاب کے متعلق کیا ہے!

(۱) فصل الخطاب ص۲۱۱ ؛ تحریف قرآن کی روایت شیعہ کی معتبر کتابوں میں موجود جن پر شیعہ مذہب کا مدار ہے۔

(۲) فصل الخطاب ص۲۲۷ ۔ تحریف قرآن کی روایات دو ہزار (۲۰۰۰) سے زاید ہیں۔

(۳) فصل الخطاب ص۳۰ ومرآۃ العقول ص۱۷۱ مصنف علامہ مجلسی تحریف کا عقیدہ عادت اور عقل کے عین مطابق ہے۔

(۴) انوار نعمانیہ ص۲۸۶ ؛ قرآن کی تحریف کا عقیدہ رکھنا ضروریاتِ دین شیعہ سے ہے۔

(۵) تفسیر مرآۃ الانوار ومشکوٰۃ الاسرار سید حسن شریف بطبع تہران ص۱۷۱ قرآن میں ہر قسم کی تحریف کی گئی، یعنی کلمات میں، آیات میں، سورتوں میں۔

(۶) فصل الخطاب ص۳۳۹ ؛ تحریف قرآن کی روایات کا انکار کریں تو امامت کے عقیدے کا بھی انکار کرنا پڑتا ہے۔

(۷) اصولِ کافی طبع جدید ، ص۲۲۱ جو شخص یہ دعوی کرے کہ اس

نے پورا قرآن جمع کیا وہ چھوٹا ہے کیونکہ قرآن سوائے علی بن ابی طالب کے کسی نے جمع نہیں کیا نہ یاد کیا

(۸) اصول کافی ص۶۳۲ باب النوادر و فصل الخطاب فی تحریف کتاب رب الارباب ص۳۳۵ میں ہے کہ جو قرآن جبرائیل امین نبی کریمؐ پر لائے تھے وہ سترہ ہزار ۱۷۰۰۰ آیت کا تھا اور سلیم بن قیس کی روایت میں اٹھارہ ہزار ۱۸۰۰۰ آیت کا تھا۔

ذی قدر قارئیں۔ ان مذکورہ بالا آٹھ حوالوں سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ شیعوں کے مذہب کے نزدیک موجودہ قرآن (جو حقیقتاً منزل من اللہ ہے) اصلی نہیں بلکہ محرف شدہ ہے نیز شیعوں میں سے اگر کوئی شخص اسی قرآن کے متعلق کہے کہ صحیح ہے اور محرف شدہ نہیں تو پھر اس کے پاس مذکورہ بالا حوالہ جات کا کیا جواب ہے؟ اگر جواب نہیں تو پھر صاف ظاہر ہے کہ عقیل ترابی یا تو شیعہ مولوی نہیں (کیونکہ اگر شیعہ ہوتا تو تحریف قرآن کا عقیدہ رکھتا جبکہ شیعہ مذہب کی بنیاد اسی مسئلہ پر ہے۔) یا پھر وہ تقیہ کرکے یہ کہہ رہا ہے کہ... یہی قرآن سب کے لئے حجت ہے۔

بہر حال ع کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

....

تحریفِ قرآن کے چند حوالے

(۱) تفسیر مرآۃ الانوار ص۵۳ آیت وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰى اَنْ تُشْرِكَ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا سے مراد یہ کہ حضرت علیؓ کے وصی ہونے میں کسی کو شریک کرے۔ اے نبیؐ آپؐ اس سے عدول کریں اور جس کا آپؐ کو حکم دیا گیا اس کی اطاعت کریں پس ان دونوں یعنی ابوبکرؓ و عمرؓ کی اطاعت مت کریں نہ ان کی بات سنیں۔

(۲) تفسیر قمی عربی ج ۲ ص۲۵۱ امام باقرؒ سے آیت لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ کی تفسیر اے محمدؐ اگر آپ نے ولایتِ علیؓ کے ساتھ کسی اور کی خلافت کا حکم دیا تو آپ کے اعمال ضائع کر دیئے جائیں گے۔ (ترجمہ مقبول مترجم اردو ص۹۲۶)

(۳) تفسیر مرآۃ الانوار و مشکوۃ الاسرار سید حسن شریف طبع تہران ص۱۵۶ آیت وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ سے مراد اول (ابوبکرؓ) منکر سے مراد ثانی (عمرؓ) اور الْبَغْيِ سے مراد ثالث (عثمانؓ) ہیں (ترجمہ مقبول اردو ص۵۵۱)

(۴) تفسیر عیاشی طبع تہران ج۱ ص۲۴۵ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ الخ ترجمہ مقبول اردو ص۱۷۵ سے مراد یہ ہے کہ جس نے علیؓ کی ولایت و امامت سے انکار کیا اس کی بخشش نہیں ہوگی۔

(۵) تفسیرِ صافی ج۱ ص۲۶۔ تفسیر البرھان ج۱ ص۳۴۵ شرک کیا ہے!

حضرت علیؓ کی ولایت اور امامت کا انکار

(۶) تفسیر قمی ص۲۸۶ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِیْٓ اُوْحِیَ اِلَیْكَ اِنَّكَ لَعَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔ اے نبیؐ آپ اس چیز کو مضبوطی سے تھامے رکھیں جو حضرت علیؓ کے متعلق آپؐ پر وحی کی گئی ہے یقیناً آپ سیدھے راستے پر ہیں۔ یعنی اے محمدؐ آپ یقیناً ولایتِ علیؓ کے عقیدے پر ہیں اور علیؓ ہی تو صراطِ مستقیم ہیں۔ (ترجمہ مقبول اردو ص۹۸۲)

(۷) تفسیر مراۃ الانوار ص۱۵۸ آیت وَكَلَّمَهٗ تَكْلِیْمًا۔ حضرت موسیٰؑ کو جو کوہِ طور پر کلام ہوا تھا وہ ولایتِ علیؓ کے متعلق تھا اور حضرت موسیٰؑ نے دعا کی تھی کہ مجھے علیؓ کا شیعہ بنا دے۔

(۸) تفسیر مراۃ الانوار ص۱۵۸ اِنَّ الَّذِیْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓی اَدْبَارِھِمْ الخ۔ امام نے فرمایا مراد ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ ہیں ولایتِ علیؓ ایمان نہ لانے کی وجہ سے مرتد ہو گئے (ترجمہ مقبول ص۱۰۱۲) (نعوذ باللہ)

(۹) تفسیر عیاشی ج۱ ص۱۲۷ آیت حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰی وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِیْنَ۔ امام جعفر سے روایت ہے کہ آیت میں نماز سے مراد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، فاطمہؓ، علیؓ، حسنؓ، حسینؓ ہیں، صلوٰۃ الوسطیٰ سے مراد حضرت علیؓ ہیں اور قانتین سے مراد ائمہ کی اطاعت ہے۔

(۱۰) رجال کشی ص۴ امام باقر سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

کے بعد تمام صحابہؓ مرتد ہو گئے تھے صرف تین بچ گئے میں نے پوچھا وہ کون ہیں فرمایا ، مقدادؓ ، سلمانؓ ، ابوذرؓ ۔

(فاعوذ باللہ من ھذہ الخرافات)

نرالا مذہب نرالے عمل

(۱) فرق الشیعہ نوبختی ص۹۳ ۔ آیت ۔ اَوْ یُزَوِّجُھُمْ ذُکْرَانًا وَّ اِنَاثًا ٥ مراد یہ ہے کہ لڑکوں سے وطی حلال ہے اور دلیل قرآن میں ہے اَوْ یُزَوِّجُھُمْ ۔ یا نکاح کرتا ہے لڑکوں اور عورتوں کے ساتھ ۔

(۲) تہذیب الاحکام (عربی) باب من الزیادات فی فقہ النکاح) ص۳۶ عن ابن عبد اللہ علیہ السلام قال اذا اتی الرّجل المرءۃ فی الدبر وھی صائمۃ لم ینقض صومھا ولیس علیھا غسلٌ ۔ یعنی جب عورت صائم ہو تو اس سے وطی فی الدبر کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور نہ ہی عورت پر غسل واجب ہے ۔

(۳) استبصار (عربی) ص۱۱۲ ج۱ سئل ابو عبد اللہ علیہ السلام عن الرجل یصیب المرءۃ فیما دون الفرج أعلیھا غُسل ان ھو انزلِ وَلَمْ تنزل ھی ۔ قال لیس علیھا غسل وان لم ینزل ھُوَ

فلیسَ علَیہِ غسلٌ ۔ یعنی جعفر صادق سے پوچھا گیا کہ جو شخص عورت سے وطی فی الدبر کرے کیا اس عورت پر اس صورت میں غسل واجب ہے کہ مرد کو انزال ہوا فرمایا عورت پر نہیں اور اگر مرد کو انزال نہ ہوا تو اس پر بھی نہیں۔

(۴) تہذیب الاحکام (عربی) باب تفصیل احکام النکاح ص ۲۴۰

عن ابی سعید الاحول قال قلت لابی عبد اللہ علیہ السلام ادنی ما یتزوج بہ المتعہ قال کفٌ من بُرٍ۔ میں نے جعفر صادق سے پوچھا متعہ کرنے والا کم از کم کتنی اجرت ادا کرے فرمایا ایک مٹھی بھر گندم کافی ہے۔

(۵) تہذیب الاحکام (عربی) باب تفصیل احکام النکاح ص ۲۵۳ ج ۲

متی أراد الرجل تزویج المتعہ فلیس علیہِ التفتیش عنہا بل یصدقہا فی قولہا ۔ یعنی جب آدمی متعہ کرنیکا ارادہ کرے تو عورت کے متعلق تفتیش نہ کرے کہ کون ہے کیسی ہے بلکہ جو کچھ وہ کہے اسے سچ سمجھے۔

(۶) تفسیر منہج الصادقین (فارسی) ص ۳۷۳ ج ۲ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مَن تمتع مرۃ درجتہ کدرجۃ الحسن ومن تمتع مرتین درجتہ کدرجۃ الحسین ومن تمتع ثلث مرات درجتہ کدرجۃ علی۔

یعنی ایک مرتبہ متعہ کرنے والے کا درجہ حسنؓ، دو دفعہ کرنے والے کا درجہ حسینؓ تین دفعہ کرنے والے کا درجہ علیؓ اور چار دفعہ متعہ کرنے والے کا درجہ خود محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم جیسا ہے۔

(لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ العَلِیِّ العَظِیم)

(۷) من لا یحضرہ الفقیہ (عربی) ج ۳ ص ۲۶۳ امام باقر فرماتے ہیں۔ وان زنی رجل بامرءۃِ ابنہ وامرءۃ ابیہ او بجاریۃ ابنہ او بجاریۃ ابیہ فان ذٰلک لا یحرمہا علیٰ زوجہا۔ یعنی اگر کسی نے اپنی بہو یا اپنی سوتیلی ماں سے زنا کیا، یا بیٹے یا باپ کی لونڈی سے زنا کیا تو اس کا یہ فعل اس پر اس کی بیوی حرام نہیں کرسکتا۔

(۸) تہذیب الاحکام (عربی) ص ۲۰۹ وص ۳۱۰ (باب من لا یحرم نکاحھن بالاسباب دون الانساب) ومن فجر بغلام اوقبہ لم تحل لہ اختہ ولا امہ ولا ابنتہ ابداً۔ یعنی جس نے کسی لڑکے سے بدفعلی کی اس شخص کے لئے اس لڑکے کی بہن، ماں اور بیٹی ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی۔

....

کلمہ طیبہ کی تائید شیعہ کتب سے

(۱) من لا یحضرہ الفقیہ (عربی) ص۸۱ لان اصل الایمان انما ھو شہادتان فجعل شہادتین کما جعل فی سائر الحقوق شاھدان فاذا أقر العبد للہ عزوجل بالوحدانیہ واقر للرسول صلی اللہ علیہ وسلم بالرسالۃ فقد أقر بجملۃ الایمان۔ یعنی اس لئے ایمان کی بنیاد دو گواہیاں ہیں۔ پس جب انسان اللہ کی وحدانیت کا اقرار کرے اور رسول مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اقرار کرے تو اس نے تمام ایمان کا اقرار کر لیا۔

ذی قدر قارئین معلوم ہوا کہ کلمہ کی فقط دو ہی جزئیں ہیں۔ تمام انبیاء علیہم السلام کے خلفاء تھے تو پھر سوال یہ ہے کہ ماسبق انبیاء نے اور ان کے خلفاء نے اور گذشتہ امتوں میں سے کسی نے بھی کلمہ کی دوسری جزء کے ساتھ تیسری جزء کا اضافہ نہیں کیا تو ان خمینی ایجنٹوں نے رسول مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک کلمہ میں تیسری جزء کا اضافہ کیوں کیا؟ کیا یہ بددیانتی اور بے دینی نہیں؟ آپ خود سوچیں۔

ع ہم عرض کریں گے تو شکایت ہوگی۔

(۲) حیات القلوب (فارسی) ج۲ ص۱۳ وبسوئے قلم وحی نمود کہ بنویس توحید مرا، پس قلم ہزار سال مدہوش گردید از شنیدن کلام الٰہی و چوں بہ ہوش باز آمد گفت پروردگار چہ چیز بنویسم فرمود کہ بنویس

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔ یعنی اللہ نے قلم سے فرمایا کہ میری توحید لکھ ۔ پس قلم ہزار سال تک بے ہوش رہا ۔ بوجہ کلام الٰہی کے سننے کے ، جب ہوش میں آیا تو کہا اے پروردگار کیا چیز لکھوں تو اللہ نے فرمایا لکھ ۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔

(۳) حیات القلوب ص ۲۵۴ ج ۲ آدم گفت خداوند چوں مرا آفریدی نظر کردم بسوئے عرش تو دیدم کہ در آں نوشتہ بود لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ یعنی آدم علیہ السلام نے کہا جب اللہ نے مجھے پیدا کیا تو میں نے عرش کی طرف دیکھا وہاں کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا۔

(۴) حیات القلوب ص ۱۰۳ ج ۲ چوں ثالث شب گزشت حق تعالیٰ جبرائیل را امر کرد چار علم از بہشت بزمین آورد وعلم سبز را بر کوہ قاف کرد ۔ وبراں بہ سفیدی دو سطر نوشتہ بود لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ یعنی جب تہائی حصہ شب کا گذر گیا تو اللہ تعالے نے جبرئیل علیہ السلام کو حکم دیا کہ چار جھنڈے بہشت سے زمین پر لائے اور سبز جھنڈے کو کوہ قاف پر گاڑ دے اس جھنڈے پر سفیدی سے دو سطروں میں لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا۔

(۵) حیات القلوب ص ۱۰۲ ج ۲ وبر ہر قندیل نوشتہ بود لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ یعنی جنت کے ہر چراغ پر لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا ۔

(۶) حیات القلوب ص ۲ ج ۱۰ پس وحی نمود کہ اے محمد

بروسوئے مردم وامرکن ایشاں راکہ بگویند لآاِلٰہ اِلّا اللہ محمد رسول اللہ
یعنی اللہ تعالیٰ نے وحی کی کہ اے محمدؐ پس جائیے اور لوگوں کو حکم دیجئے
کہ وہ کہیں لآ اِلٰہ اِلّا اللہ محمد رسول اللہ

(۷) حیات القلوب ج۲ ص۲۰۷۔ پس کسے بلند نمی کند صدا بکلمہ اخلاص وشہادت لآاِلٰہ اِلّا اللہ مگر آنکہ بلند می کند باں صدا بشہادت محمد رسول اللہ در آذان واقامت ونماز عیدہا وجمعہا واوقاتِ حج ودر ہر خطبہ،
یعنی جو بھی کلمۂ اخلاص وشہادت لآاِلٰہ الا اللہ سے آواز بلند کرتا ہے وہ ہی شہادت محمدؐ رسول اللہ کی دیتا ہے۔ آذان، اقامت، نماز عیدین، نماز جمعہ اوقاتِ حج اور ایک خطبہ میں

قارئیان گرامی۔ اس روایت نے اہل تشیع کے جملہ فاسد منصوبوں کو خاک میں ملایا اب بھی اگر کوئی اس کلمہ سے انحراف کرنے تو اس کو قلب کا کوڑھ اور مخبوط الحواس ہی کہیں گے۔

(۸) من لا یحضرہ الفقیہ (عربی) ج۱ ص۹ قال الصادق علیہ السلام فاذا احضرتم موتاکم فلقنوھم شہادۃ لآاِلٰہ اِلّا اللہ محمد رسول اللہ۔ یعنی جعفر صادق نے فرمایا کہ جب کوئی بستر مرگ پر ہو اور تم اس کے پاس جاؤ تو اس کو شہادت کی تلقین کرو۔

(یعنی سنیوں کے کلمہ کی)

لیجئے جناب۔ جس فقہ پر شیعوں کو ناز ہے اگر اس کے بانی واقعی جعفر صادق ہیں تو ان کا اپنا فتویٰ یہی ہے جو مذکور ہوا۔ یعنی ان کا

عقیدہ یہ ہے کہ بغیر اس کلمہ کے آخرت میں رستگاری مشکل ہے تو پھر سامراجی ایجنٹوں کی جزءِ ثالث عَلِیٌّ وَلِیُّ اللہ وصیُّ رسول اللہ کا ثبوت نہ قرآن میں ہے نہ ہی نبویؐ فرمان میں اور نہ ہی زمیں میں نہ آسمان میں۔ معلوم ہوا کہ یہ ان کی اپنی اختراع ہے اور یہ ان کے دجل پن کا بیّن ثبوت ہے نیز یہ اتباع ہے بنی اسرائیل کے ان یہودی علماء کی جو آسمانی کتابوں میں تغیر و تبدل کر لیا کرتے تھے۔

یُحَرِّفُونَ الْکَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِہٖ۔

۶ وہ صیاد عطر مل کے چلا ہے گلاب کا
اللہ رے اسیریٔ بلبل کا اہتمام

۷ ظالم ابھی ہے فرصت توبہ نہ دیر کر
وہ بھی گرا نہیں جو گرا پھر سنبھل گیا

. . . .

نکاح کے متعلق روایات

(۱) تہذیب الأحکام (عربی طبع تہران) باب تفصیل احکام النکاح۔ عن أبی جعفر علیہ السلام قال انما جعلۃ البینۃ فی النکاح من اجل المواریث۔
جعفرِ صادق نے فرمایا کہ نکاح میں گواہوں کی حاجت محض میراث کو ثابت کرنا ہے

(۲) فروعِ کافی ج ۵ ص ۲۴۶ (طبع تہران) عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال لا یتزوج المؤمن الناصبۃ المعروف بذالک۔ یعنی جعفر صادقؑ نے فرمایا کوئی مؤمن مرد کسی ایسی عورت سے نکاح نہ کرے جو سنی ہونے کے باعث (معروفہ) یعنی جانی پہچانی ہو۔

(۳) فروعِ کافی ج ۵ ص ۲۵ عن۔ الفضیل بن یسار قال سالت ابا عبد اللہ علیہ السلام عن نکاح الناصبۃ فقال لا واللہ ما یحل۔ فضیل کہتا ہے کہ میں نے امام جعفر سے پوچھا کہ سُنی مرد شیعہ عورت سے نکاح کر سکتا ہے فرمایا نہیں اللہ کی قسم شیعہ عورت سُنی مرد کے لئے حلال نہیں۔

(۴) فروعِ کافی ج ۵ ص ۳۵۱ عن عبد اللہ بن سنان عن ابی عبد اللہ قال سالہ أبی وانا اسمع عن نکاح الیھودیۃ والنصرانیۃ فقال نکاحھما احب الیّ مِنْ نکاح النّاصِبۃِ۔ عبد اللہ بن

سنان کے والد نے امام جعفر سے پوچھا۔ ابن سنان کہتا ہے کہ میں سن رہا تھا کہ یہودیہ یا نصرانیہ سے نکاح کے متعلق فرمایا سنی عورت کے مقابلہ میں یہودیہ یا نصرانیہ عورت سے نکاح کرنا مجھے زیادہ محبوب ہے

نوٹ:

روایت نمبر ۲ انہی الفاظ کے ساتھ استبصار ج ۳ ص ۹۹ پر بھی مذکور ہے ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

(۵) من لا یحضرہ الفقیہ ج ۳ ص ۲۵۸ باب النکاح۔ لا ینبغی للرجل المسلم منکم ان یتزوج ابنته ناصبیا ولا یطرحها عنده قال مصنف هذا الکتاب من نصب حربا للآل محمد علیه السلام فلا نصیب لهم فی الاسلام فلذلك حرم نکاحهم یعنی کسی مسلمان مرد کے لئے جائز نہیں کہ وہ سنی عورت سے نکاح کرے۔ اور شیعہ مرد اپنی بیٹی کسی سنی کو نہ دے اگر نکاح ہو چکا ہے تو سنی کے پاس مت رہنے . . . . . جس شخص نے آل محمدؐ کی مخالفت کی اس کا اسلام میں حصہ نہیں اس وجہ سے ان سے نکاح حرام ہے۔

(۶) تہذیب الاحکام ج ۷ ص ۳۰۲ = باب من یحرم نکاحهن بالاسباب دون الانساب، عن الفضیل بن یسار قال سألت أبا جعفر علیه السلام عن المرءة العارفة هل أزوجها الناصب قال لا۔ لان الناصب کافر۔ فضیل کہتا ہے کہ میں نے امام باقر سے پوچھا سنی عورت سے نکاح متعلق تو فرمایا نہیں،

کیونکہ ناصبی کافر ہے

(۷) اللمعۃ الدمشقیۃ ص ۲۳۴-۲۳۵-۲۳۶ ج ۵ مسئلہ کفاءت

ولا یجوز للناصب التزویج بالمؤمنۃ لان الناصبی شر من الیہودی والنصرانی ۔ یعنی سنی مرد کا شیعہ عورت سے نکاح حرام ہے کیونکہ سنی یہودی اور نصرانی سے زیادہ برا ہے ۔

(۸) اللمعۃ الدمشقیہ ص ۲۳۴، ۲۳۵، ۲۳۶ ج ۵ مسئلہ کفاءت

تزویج المؤمن بالناصبیۃ سوآء الدائم او المتعۃ ۔ یعنی شیعہ مرد کا نکاح سُنّی عورت سے بھی حرام ہے خواہ دائمی ہو یا متعہ ، اب اس موضوع کو ایک فتویٰ پر ختم کرتا ہوں ۔ ملاحظہ ہو ۔

(۹) اللمعۃ الدمشقیہ ص ۲۳۲ ج ۵ : عن عبد اللہ ابن یعفور عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال وایاک ان تغسل من غسالۃ الحمام وفیھا تستجمع غسالۃ الیھودی والنصرانی والمجوسی والناصب لنا اھل بیت فھو شرھم فان اللہ تعالی لم یخلق خلقًا انجس من الکلب وان الناصب لنا اھل البیت لا نجس منہ

یعنی ابن یعفور جعفر صادق سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا حمام کے اندر غسالہ میں غسل نہ کرنا کیونکہ اسمیں یہودی ، نصرانی ، اور ناصبی یعنی سنی کا غسالہ جمع ہوتا ہے ان سب سے ناصبی زیادہ بُرا ہوتا ہے اللہ تعالےٰ نے کتے سے نجس کوئی چیز پیدا نہیں کی مگر ناصبی (سُنّی)

تو کتے سے بھی زیادہ پلید ہے۔

نوٹ، کتاب الوسائل، جامع عباسی، الروضۃ البہیہ وغیرہ شیعہ کتب میں بھی یہی فتویٰ درج ہے۔

لفظِ ناصبی کی تعریف

مذکورہ بالا روایات میں جس گروہ کو طعن و تشنیع اور بغض و عداوت کا نشانہ بنایا گیا ہے اس کے لئے لفظِ ناصبی استعمال کیا گیا ہے۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ شیعہ کتب میں لفظ ناصبی کی تعریف کیا ہے اور اس سے کیا مراد ہے!

(۱) انوارِ نعمانیہ ص۱۸۵ ج۱ ۔ ولعلك تقول أن مخالفينا يزعمون انهم لا يبغضون عليًا وهذا زعمٌ باطلٌ وقد رُوِیَ عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ان علامۃ بغض علی تقدیم غیرہ علیہ وتفضیلہ علیہ ۔یعنی شاید تم کہو کہ ہمارے مخالف سمجھتے ہیں کہ وہ حضرت علی کو برا نہیں سمجھتے یہ خیال باطل ہے کیونکہ نبی کریمؐ نے حضرتؓ سے بغض کی یہ علامت بتائی ہے کہ حضرت علی پر کسی کو فضیلت دیجائے اور اس سے کسی کو مقدم سمجھا جائے۔

(۲) استبصار ص۱ ج۱۰ عن الصادق علیہ السّلام انہ لیس الناصب من نصب لنا أھل بیت فانہ لا تجد ولا تقول انا ابغض محمدؐ او آل محمد ولکن الناصب من

نصب لکم وھو یعلم انکم تتولونا وانتم شیعتنا۔ یعنی جعفر صادق فرماتے ہیں کہ ناصبی وہ ہیں جو ہم اہل بیت کی مخالفت کرے کیونکہ ایسا آدمی کوئی نہیں ملے گا جو کہے کہ میں محمدؐ و آل محمدؐ سے بغض رکھتا ہوں بلکہ ناصبی وہ ہے جو تمہاری مخالفت کرے یہ جانتے ہوئے کہ تم ہمیں دوست رکھتے ہو اور ہمارے شیعہ ہو۔

(۳) **حق الیقین** ص۴۸۶ ۔ ملاّ باقر مجلسی بیان کرتا ہے کہ ابن ادریس نے کتاب سرائر میں کتاب مسائل محمد بن علی عیسیٰ سے روایت کی ہے کہ لوگوں نے حضرت علی نقی کی خدمت میں عریضہ لکھا کہ ہم ناصبی کے جاننے اور پہچاننے میں اس سے زیادہ محتاج ہیں کہ حضرت امیر المومنین پر ابوبکرؓ و عمرؓ کو مقدم جاننے اور ان دونوں کی امامت کا اعتقاد رکھے۔ حضرت نے جواباً فرمایا سو جو شخص یہ اعتقاد رکھتا ہے وہ ناصبی ہے۔

اہلِ بیت کے متعلق شیعی عقیدہ

حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کو بعثت سے لے کر وفات تک جو کسب علم وعمل کا اہل بیت نبی ہونے کے سبب اور گھر ہی میں حضورؐ کی تربیت کے سبب جو زیادہ موقع حاصل ہوا اتنا موقع حضرتِ ابوبکرؓ اور حضرتِ عائشہؓ کو حاصل نہیں ہوا۔ (ملاحظہ ہو وخارج اسلام ص ۵۳)

بناتِ رسولؐ کے متعلق شیعی عقیدہ (حضورؐ کی صرف ایک بیٹی تھی)

علامہ حسین بخش جاڑا لکھتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صرف ایک بیٹی تھی جس کا نام فاطمہ زہراؓ تھا۔ کتبِ اہلِ سنت میں بھی اسی ایک شہزادی کے فضائل مروی ہیں اگر کوئی دوسری لڑکی ہوتی تو فضائل ومناقبِ اہلِ بیت کے باب میں کہیں تو ذکرِ خیر ہوتا۔

(ملاحظہ ہو احباب رسولؐ ص ۶۵)

خلفاءِ ثلاثہ کے متعلق شیعی عقیدہ

حضرت ابوبکرؓ کافر، ظالم، فاسق تھے۔ (نعوذ باللہ)

. . . .

۱۔ پس آنچہ ابوبکرؓ کرد مخالفتِ آیتِ کریمہ است وہر کہ مخالفتِ قرآن حکیم کند بنصِ قرآن کافر فاسق ظالم است۔ (ملاحظہ ہو حق الیقین ص ۱۵۷ ج ۱)

یعنی جو کچھ ابوبکرؓ نے کیا، وہ قرآنی آیت کے خلاف ہی کیا ہے اور جو قرآن کی مخالفت کرتا ہے وہ کافر، فاسق اور ظالم ہے

۲۔ قطب راوندی و دیگراں روایت کردہ اند کہ چوں کفار قریش نزدیک غار رسیدند، ابوبکر اضطراب را از حد گذرانید و خواہست کہ ایشاں ملحق شود چنانچہ در باطن ایشاں بود۔

(ملاحظہ ہو حیات القلوب ج ۲ ص ۳۳۴ و مکالمات حسینیہ ص ۲۵)

یعنی قطب راوندی وغیرہ نے روایت کی ہے کہ جب کفار قریش غار کے نزدیک پہنچے تو ابوبکرؓ کا اضطراب حد سے زیادہ ہوگیا اور چاہا کہ باہر نکل جائیں اور کافروں سے مل جائیں جیسا کہ باطن میں ابوبکرؓ کافروں کے ساتھ تھا (نعوذ باللہ)

۳۔ علی بن ابراہیم روایت نمودہ کہ تین حضرت رسولؐ است و زیتون حضرت امیر و طور سینین حسنؓ حسینؓ اند و بلد امین آئمہ، و مراد بانسان درین سورۃ ابوبکرؓ است، باسفل درکات جہنم می رود،

(حیات القلوب ج ۲ ص ۱۵۶۔ تفسیر قمی ج ۲ ص ۳۲۹۔ تفسیر صافی ج ۲ ص ۸۳۲)

چنانچہ علی بن ابراہیم نے روایت کی ہے کہ تین سے مراد حضرت رسولؐ ہیں، اور زیتون سے مراد حضرت امیر المومنین ہیں اور طور سینین سے مراد حسنؓ و حسینؓ ہیں اور بلد امین سے مراد آئمہ کرام ہیں اور انسان سے مراد جو اس سورۃ میں ہے ابوبکرؓ ہیں جو جہنم کے سب کے نچلے طبقہ میں جائیگا۔ (نعوذ باللہ)

۴ - کون لکھا پڑھا نہیں جانتا کہ ابوبکر رضؓ چالیس سال کی عمر میں مسلمان ہوا تھا۔ اسلام لانے سے پیشتر وہ کافر اور بُت پرست تھا، شراب خور اور زانی تھا۔ (کلیدِ مناظرہ صفحہ ۱۱۸ و سہم مسموم صفحہ ۳۶۶)

۵- اگر اہل دنیا نے ثلاثہ کو امام بنایا ہے تو مرزا غلام احمد قادیانی کو بھی اہل دنیا نے امام بنایا ہے - جناب ابوبکر رضؓ اور مرزا صاحب میں کوئی فرق نہیں۔ (ملاحظہ ہو جاگیر فدک صفحہ ۵۰۹ از غلام حسین نجفی ملعون)

حضرت سیدنا عمرؓ بن خطابؓ کے متعلق بدگوئی

۱- عاقل را مجال آن ہست کہ شک نماید در کفرِ عمرؓ ملعون و کفر کسے کہ عمرؓ لعین را مسلمان داند۔ (نعوذ باللہ)

(حیات القلوب ج ۲ صفحہ ۶۸ ، جلاء العیون صفحہ ۴۵)

عقل مند کے لئے کوئی گنجائش ہے کہ وہ شک کرے عمرؓ لعین کے کفر میں، اور اس شخص کے کفر میں جو عمرؓ کو مسلمان جانے۔

۲- بدترین خلق خدا عمرؓ بن خطاب است، (جلاء العیون صفحہ ۱۲۷)

خدا کی ساری مخلوق سے بدتر عمرؓ بن خطاب ہے۔

۳- عمرؓ نے مرتے دم تک شراب ترک نہ کی۔

(کلیدِ مناظرہ صفحہ ۱۳۵ و انوارِ نعمانیہ ج ۱ صفحہ ۶۳)

۴- یہ شیعوں پر اتہام ہے کہ حضرت ثانی کو کافر سمجھتے ہیں یا اُن پر سَب و شتم کرتے، ہاں یہ درست ہے کہ ان کو مومن

نہیں جانتے۔ (تجلیات صداقت ص۱۸۱)

۵- عن أبی جعفر فی قول اللّٰہ تعالیٰ لما قضی الامر قال ھو الثانی ولیس فی القرآن شیئ قال الشیطان الا وھو الثانی۔

(تفسیر عیاشی ص۲۲۳ ج۲، تفسیر صافی ص۸۸۵ ج۱، تفسیر البرہان ص۳۱۰ ج۲

ترجمہ مقبول ص۵۱۲، بحار الانوار ص۲۲۵ ج۸)

حضرت امام باقر علیہ السلام نے قرآن کریم کی اس آیت لَمَّا قُضِیَ الْاَمْرُ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا کہ قرآن میں جہاں بھی شیطان کا لفظ آیا ہے اس سے مراد حضرت عمرؓ ہیں۔ (نعوذ باللہ)

حضرت سیدنا عثمانؓ کے متعلق شیعی نظریات

۱- ہر کہ اعتقاد دارد کہ عثمانؓ مظلوم کشتہ شد، در روزِ قیامت گناہش بیشتر از گناہ جمعی کہ گوسالہ پرستیدند۔

(حق الیقین ص۲۰، تہذیب المتین ص۴۶۹ ج۲)

جو آدمی یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ حضرت عثمانؓ مظلومیت کی حالت میں قتل کئے گئے ہیں قیامت کے دن اس آدمی کے گناہ بچھڑا پوجنے والوں سے زیادہ ہونگے۔

۲- پوری دنیا میں یہ پہلا خلیفہ ہے جس نے شرم وحیا کا بارڈر توڑ کر اپنی بیوی کے مردہ سے ہمبستری کی۔ (معاذ اللہ)

(قول مقبول، ص۴۳۲)

۳- عثمان کا باپ عفان دف بجایا کرتا تھا اور لوگ اس سے مخنث (دبرزنی) کا کام لیتے تھے۔ اور دل لگی کرتے تھے۔ معاذاللہ

(کلید مناظرہ ص۲۱۰، انوار نعمانیہ ج۱ ص۶۵، قول مقبول ص۳۶۱ وغیرہ)

۴- جب ان تمام امور پر غور کیا جائے تو مودت کے یہ معنی ظاہر ہوں گے کہ ثلاثہ رضی اللہ عنہم کو بدترین مخلوق سمجھا جائے۔

(کلیدِ مناظرہ ص۲۲۱) نعوذ باللہ)

۵- حضرتِ امیر فرمود کہ عثمان رضی اللہ عنہ را دفن کردند و حال آنکہ سہ روز بود کہ اُورا در مزابل انداختہ بودند و سگاں یک پائے او را بریدہ بودند

(حق الیقین ص۲۰۳، و انوار نعمانیہ ج۱ ص۱۱۸، کلید مناظرہ ص۳۰۲، بغاوتِ ابیہ ص۲۸۵، تہذیب المتین ج۲ ص۲۶۹)

حضرت سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے متعلق شیعی نظریہ

۱- چوں شب شد علی رضی اللہ عنہ فاطمہ رضی اللہ عنہا را بر درازگوشی سوار کرد و دست حسنین رضی اللہ عنہما را گرفت، و بخانہ ہر یک از اہلِ بدر از مہاجر و انصار برفت و حقِ امامت و خلافت خود را بیادِ ایشاں آورد و طلب یاری از ایشاں کرد۔

(حق الیقین ص۱۳۲، منار الہدیٰ ص۱۰۳، جلاء العیون ص۱۴۱، تہذیب المتین ص۲۹۶، احتجاج طبرسی ص۱۰۰، ناسخ التواریخ ص۱۵۳، بیت الاحزان ص۱۴۱، انوار نعمانیہ ج۱ ص۱۰۶، کتاب سلیم بن قیس الہلالی ص۸۲ طبع بیروت)

ترجمہ۔ یعنی جب رات ہوئی تو حضرت علیؓ نے حضرت فاطمہؓ کو گدھے پر سوار کیا، اور حسنؓ وحسینؓ کے ہاتھ پکڑے اور جنگ بدر میں شریک ہر مہاجر وانصار کے گھر گئے اور اپنی امامت وخلافت کا ان کو جتلایا اور ان سے مدد طلب کی۔

۲۔ پس آن کافران ریسمانی در گردن آنحضرت انداختند وبسوئے مسجد کشیدند (جلاء العیون ص ۱۲۴/۸۵، حق الیقین ج ۱ ص ۱۲۳، احتجاج طبرسی ج ۱ ص ۸۳، عین الحیٰوۃ ص ۱۳۱، تجلیات صداقت ص ۳۲۶، رجال کشی ص ۱۳، وذکر سلمان، حملہ حیدری ص ۲۸۲ طہران، چودہ ستارے ص ۸۱)

ترجمہ۔ پس ان کافروں نے حضرت علیؓ کی گردن میں رسی ڈالی اور مسجد کی طرف کھینچ کر لے گئے

۳۔ باقر مجلسی نے حضرت فاطمہؓ سے یہ اعتراضات در حق علی نقل کئے ہیں۔ حضرت فاطمہؓ نے حضورؐ سے حضرت علیؓ کی شکایت کرتے ہوئے کہا یہ بڑے پیٹ والا آدمی ہے، ہاتھ اس کے اونچے ہیں اس کے ہڈیوں کے بند دھنسے ہوئے ہیں، سر کے اگلے بال بھی اڑے ہیں، آنکھیں بڑی ہیں، دانت اس کے کھلے رہتے ہیں، اور مال اس کے پاس کچھ نہیں (جلاء العیون ج ۱ ص ۳۲ فارسی، جلاء العیون ص ۱۲۲ تفسیر قمی ص ۳۳۶/۱۲۲ ترجمہ مقبول ص ۵۲۰): یہ ہے حضرت علیؓ کی شکل وصورت کا نقشہ۔

(لاحول ولا قوۃ الا باللہ)

۴۔ عن ابی عبداللہ علیہ السلام قال جاءت امرأۃ

الیٰ عمرؓ فقالت انی زنیتُ فطہرنی فامر بہا ان ترجم فاخبر بذلک أمیر المومنین صلوٰت اللہ علیہ فقال کیف زنیتَ فقالت مررت بالبادیۃ فاما لی عطش شدید ماسقیت اعرابیا فابیٰ أن یسقینی اِلّا امکنہ من نفسی فلما اجھدنی عطش شدید ۔ وخفت علی نفسی سقانی فامکنہ من نفسی فقال امیر المؤمنین علیہ السلام ھذا تزوج و ربّ الکعبۃ ۔

(فروع کافی جلد ۵ کتاب النکاح وسائل الشیعہ ص ۲۳ ج ۲)

حضرت جعفر صادق سے روایت ہے کہ ایک عورت حضرت عمرؓ کے دربار میں آئی ۔ اور کہا کہ میں نے زنا کیا ہے لہذا مجھے پاک کر دیجیے تو حضرت عمرؓ نے اس کو سنگسار کرنے کا حکم دیا ، اس کی اطلاع حضرت علیؓ کو ہوئی تو انہوں نے عورت سے پوچھا کہ تو نے زنا کیسے کیا ، عورت نے کہا کہ میں جنگل میں گئی سخت پیاس سے میری جان نکلنے کو تھی کہ میں نے ایک اعرابی سے پانی مانگا ۔ اس نے پانی دینے سے انکار کیا مگر اس شرط پر کہ میں اس کو اپنے آپ پر موقع دوں ۔ جب میں پیاس کی وجہ سے مجبور ہوئی تو ہلاکتِ جان کے خوف سے راضی ہوگئی اس نے مجھے پانی پلایا اور میں نے اپنے آپ پر اس کو موقع دیا تو اس پر حضرت علیؓ نے کہا کہ ربّ کعبہ کی قسم یہ تو نکاح ہے ۔ (نعوذ باللہ)

۵ - الا انہ سیامرکم لسبی و ابراۃ منی فامّا السب فسبونی فانہ فانہ لی زکوٰۃ ولکم نجاۃ ۔ نہج البلاغہ ص ۹۲ اصول کافی ص ۳۱ ج ۲ مترجم فارسی

امالی طوسی جلد ۲ ص ۲۱۳ جزء ص ۸ مناقب آل ابی طالب جلد ۲ ص ۲۶۲

یعنی غور سے سنو عنقریب وہ تمہیں حکم دیگا کہ تم مجھے گالیاں دو۔ اور میرے بیزاری کا اعلان کرو۔ تو تم مجھے گالی دینا کیونکہ میرے لئے گناہوں کا کفارہ اور تمہیں لئے نجات کا ذریعہ ہوگا۔ (نعوذ باللہ)

حضرتِ علیؓ امام مہدی کے مرید ہونگے

امام مھدی کی آمد پر ایک آواز دینے والا کہے گا

اے گروہِ خلائق این است مہدی آلِ محمد و بنام و نسب و کنیت جدش و نسب او را ذکر کنند تا علی بن ابی طالب علیہ السلام بیعت کنید و اطاعتِ او نمائید تا ھدایت بابید، ملاحظہ ہو۔

(مجمع المعارف ص ۲۸)

ترجمہ اے لوگو یہ ہے مہدی جو آلِ محمد سے ہے۔ اس کے دادا کا نام نسب۔کنیت اور مہدی کا نسب ذکر کرے گا، پھر علیؓ اس کی بیعت اور اطاعت کریں گے۔ تاکہ ان کو ہدایت حاصل ہو۔

. . . .

حضرتِ علی کی بے بسی گردن سے پکڑ کر بغرضِ بیعت لایا گیا (نعوذ باللہ)

علی شیرِ خدا گھر پر تھے اور حضرتِ عمرؓ آئے۔

پس فریاد زد وایشاں را بخدا سوگند داد فائدہ نہ کرد و ہجوم آوردند و شمشیر ہائی علیؓ و زبیرؓ گرفتند و بر دیوار زدند و شکستند پس عمرؓ ایشاں را بعنف بیرون آورد و کشید تا بیعت کردند۔

(منار الہدیٰ ص ۱۳۲ حق الیقین ص ۱۳۲ ج ۱)

حضرت سیدہ فاطمہ نے فریاد کی اور ان کو قسم دی مگر کوئی بھی فائدہ نہ ہوا اور ان لوگوں نے ہر طرف ہجوم کر کے حضرت علیؓ اور حضرت زبیرؓ کی تلوار کو پکڑا اور دیوار پر مار کر توڑ دیا پھر عمر رضی اللہ عنہ ان کو گردن سے پکڑ کر باہر لائے اور کھینچ کر لے گئے یہاں تک کہ ابوبکرؓ کی بیعت کی۔

. . . .

صحابۂ کرام کے متعلق شیعی عقائد

باب دوئم میں مختصراً اہل بیتؓ، بنات رسولؐ، خلفاء راشدین کے متعلق شیعی عقائد و نظریات پر روشنی ڈالی گئی اب ذیل میں قارئینان گرامی جمیع صحابہ کرامؓ کے متعلق جینی گروہ کی ہفوات و خرافات بھی ملاحظہ فرمالیں۔ تاکہ سادہ لوح سُنّی مسلمانوں کے سامنے حقیقت واضح ہو جائے۔ کہ شیعیت کا اسلام سے دور کا بھی تعلق نہیں، اور جو سنی کسی لاعلمی کی وجہ سے شیعہ سُنّی بھائی بھائی کا نعرہ لگاتے ہیں ان کو معلوم ہو جائے کہ یہودی کبھی بھی مسلمان کا خیر خواہ اور بھائی نہیں ہو سکتا۔ اور شیعہ کے یہودی النسل ہونے میں کوئی شک نہیں کیونکہ یہ عبداللہ ابن سبا کی ذریت رجیمہ ہے اور دین دشمنی ان کا خاص مشغلہ ہے، آپ ملاحظہ فرمائیں گے نیز چند حوالہ جات پر مشتمل یہ عنوان بھی آپ ضرور دیکھیں گے کہ قادیانی بھی تحریف قرآن کے مرتکب ہوئے۔ اور رافضی شیعہ بھی، جس طرح قادیانی مرزائی خارج از اسلام ہیں، بعینہٖ اسی طرح شیعوں کا بھی اسلام سے کوئی تعلق نہیں یہ بھی کافر ہیں۔

نیز آخر میں اللہ رب العزت کے متعلق غلیظ نظریات، انبیاء علیہم السلام کے متعلق شیعی عقائد بھی ملاحظہ فرمائیں گے، بہر حال فقہ جعفری

یا "تشیعی دھرم" کا مختصر سا خاکہ قارئینانِ گرامی کی خدمت میں پیش ہے۔ اُمید ہے کہ اس مختصر سے رسالے کو بہتر سے بہتر بنانے کے لئے آپ کی آراء گرامی کی انتظار بھی رہے گی، تاکہ دوسری اشاعت میں آپ کی تجاویز پر غور کیا جا سکے۔

جلاءُ العیون ص۱۳۰ - از حضرت صادق علیہ السلام روایت کردہ است غیرتی در حلال روا نیست۔ بعد از آنکہ رسولِ خدا بعلیؓ وفاطمہؓ در شب زفاف گفت کارے نہ کنید تا من نزدِ شما بیایم (لاحولَ ولا قوۃ اِلاّ باللہ)

ترجمہ: جعفر صادق سے مروی ہے کہ حلال چیزوں میں غیرت کرنی جائز نہیں اس لئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شبِ زفاف میں حضرتِ علیؓ اور فاطمہؓ کو فرمایا جب تک میں نہ آؤں کام نہ کرنا۔

جلاء العیون ص۲۷۹ عِلل الشرائع ص۱۰۶ - حضرت امیرالمومنین را طلبید کہ حضرت جبرئیل مرا خبر داد از جانبِ خداوندِ عالمیان کہ فرزندے برائے تو متولد خواہد شد کہ امتِ من بعد از من او را شہید خواہند کرد، حضرت امیر فرمود مرا احتیاج نیست بچنیں فرزندے۔

ترجمہ: یعنی حضرتِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کو بلایا اور کہا حضرتِ جبرائیلؑ نے مجھے خدائے پاک کی طرف سے خبر دی ہے کہ ایک فرزند تمہارے ہاں پیدا ہوگا کہ میری اُمت میرے بعد اس کو شہید کر دے گی۔ حضرت علیؓ نے کہا مجھے ایسے لڑکے کی کوئی ضرورت نہیں، گویا

حضرت علیؓ نے تولید حسینؓ کو ناگوار سمجھا۔ (نعوذ باللہ)

اصول کافی ص ۳۶۵/ج۲ عربی ایران۔ عِلَلُ الشرائع ص ۲۰۶/ج۱ =

حیات القلوب ص ۶۶/ج۲ فارسی مطبوعہ ایران: ثُمَّ اَرسَلَ اِلیٰ فاطمه ان الله یبشرونی بمولودٍ یُولَدُ لكِ تقتله امتی من بعدی، فارسلت الیه اَن لاحاجة لی فی مولودٍ فقتله امتك من بعدك۔

ترجمہ: آنحضرتؐ نے حضرت فاطمہؓ کی طرف خبر بھیجی کہ اللہ مجھے خوشخبری دیتا ہے ایک بچہ کی، جو تم سے پیدا ہوگا۔ میری امت میرے بعد اس کو قتل کرے گی۔ حضرت فاطمہؓ نے پیغام بھیجی۔ مجھے ایسے بچے کی ضرورت نہیں، جس کو آپ کی امت آپ کے بعد قتل کرے گی۔ گویا حضرت فاطمہؓ نے بھی حسینؓ کی پیدائش کو ناپسند کیا۔

نوٹ: یہی عبارت جلاء العیون ص ۲۸۰ خلاصۃ المصائب ص ۳ میں بھی ہے۔

حضرت معاویہؓ مخلوق خدا میں بدترین انسان ہیں (نعوذ باللہ)

حیات القلوب ص ۲/ج۱ فارسی مطبوعہ ایران: بدترین خلق خدا پنج کس اند، ابلیس وقابیل، فرعون، وشخصی بنی اسرائیل، وشخصے ازین امت کہ بر کفر و رباب او بیعت خواہند کرد در شام۔ یعنی معاویہ۔

ترجمہ: مخلوق خدا میں پانچ آدمی بدترین ہیں (۱) ابلیس (۲)، قابیل (۳)، فرعون

(۴) ایک شخص بنی اسرائیل کا ۔ اور اس امت کا ایک شخص کہ کفر پر شام میں اس کی بیعت ہوئی یعنی معاویہ

فصل الخطاب ص۶۹ کتاب الخصال ج۲ ص۲۵۸ ۔ معاویہ ابن أبی سفیان وفرعون هذه الامة یموت علی غیر ملة (نعوذ باللہ)

ترجمہ: معاویہؓ بن أبی سفیان اس اُمت کا فرعون ہے ۔ جس کی موت کفر پر ہوئی ۔ (معاذ اللہ)

حق الیقین ج۱ ص۱۶۷ فارسی ۔ عمرؓ معاویہؓ را دانستہ در شام تعین کرد وبا او تمہید کرد اگر حق بہ امیر المؤمنین برگردد او اطاعت نکند و عمرؓ مے دانست کہ او کافر و منافق و دشمن اہل بیت است ۔

ترجمہ: حضرت عمرؓ نے معاویہؓ کو شام کا حاکم جان بوجھ کر بنایا اور اس کے ساتھ معاہدہ کیا کہ اگر حق علیؓ کی طرف ہو پھر بھی تم نے اطاعت نہیں کرنی اور عمرؓ جانتا تھا کہ وہ کافر، منافق، اور دشمن اہل بیت ہے نعوذ باللہ۔

کلید مناظرہ ص۲۲ معاویہؓ بن ابی سفیان مجہول النسب ۔ یہی وجہ ہے کہ اہل سنت کو ہزار بار کہو کہ معاویہؓ مجہول النسب، شارب الخمر، قاتل اہل بیت اور دشمن رسول تھا وہ نہیں مانتے ۔

ذی قدر قارئینانِ گرامی: واقعی حضرت معاویہؓ میں اگر یہ خصلتیں اور عادتیں تھیں تو حضرات حسنینؓ کریمین نے انکی بیعت کیوں کی تھی اس کا اقرار تو خمینی گروہ کے پوپ بھی کر چکے ہیں ملاحظہ ہو رجال کشی ص۱۱ مطبوعہ مشہد میں ہے کہ حضرت امیر معاویہؓ

نے فرمایا! یَا حَسَن قُمْ فبایِعْ فقام فبایَع ثم قال لحسین علیہ السلام قُمْ فبَایِعْ فقام فبایَعَ ۔ یعنی اے حسنؓ کھڑے ہو جائیے اور بیعت کیجئے پس حضرت حسنؓ کھڑے ہوئے اور بیعت کی ۔ پھر حضرت حسینؓ کو کہا کہ کھڑے ہو جائیے اور بیعت کیجئے تو حضرت حسینؓ کھڑے ہوئے ۔ اور بیعت کی ۔

کلیدِ مناظرہ ص۳۲۵ حیاۃ القلوب ج۲ ص = فارسی مطبوعہ ایران

معاویہؓ لعین ابن لعین ہے ۔ وہ اور اس کا باپ ہمیشہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درپے آزار رہے ۔ اور وہ چاہتے تھے ، کہ نورِ خدا کو بجھا دیں ۔ جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا کہ ہمارا لشکر خدا ہے ۔ اور معاویہؓ کا لشکر لشکرِ شیطان ہے ۔ یہ کہ معاویہؓ ولد الزنا تھا ۔ نعوذ باللہ

الجہادُ الاکبر ص۱۸ = ومعاویہ ترأس قومہ اربعین عامًا ولکنہ لم یکسب لنفسہ سوی لعنۃ الدنیا وعذاب الآخرۃ ؛

معاویہؓ چالیس سال تک قوم کی سرداری کرتا رہا مگر اس دوران اس نے اپنے لئے دنیا کی لعنت اور عذابِ آخرت کے سوا کچھ نہیں کمایا ۔

سَیفٌ مِن سیوفِ اللہ ، خالدؓ بن ولید زانی تھا ؛

تہذیب المتین ج۲ ص۳۵۶ ، سہم مسموم ص۵ اردو خصائل معاویہ ص۲۵ اردو ، حق الیقین ج۱ ص۱۶۱ = مناظرہ بغداد ج۲ ص۳۵۶ ،

کشف الاسرار ص۱۱۱ تحریر خمینی فارسی مطبوعہ ایران ، چودہ ستارے ص۲۰۳

کلیدِ مناظرہ ص ۱۶۴ و ص ۲۶۳ ، قول مقبول ص ۲۶۵ / ۲۲۲
خالدؓ نے مالک بن نویرہ کو قتل کیا، اور اس کی بیوی سے زنا بالجبر کیا۔
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہ۔

کلیدِ مناظرہ ص ۱۶۲ ۔ خالدؓ جیسے شقی اور مرتد کو سیف اللہ کہنا یا اس کی تعریف میں کچھ لکھنا عین کفر اور ارتداد ہے۔

کلیدِ مناظرہ ص ۱۶۲ ۔ خالدؓ اس ولید کا بیٹا ہے جس کا ولدالزام ہونا قرآن مجید سے ثابت ہے۔ لہذا عداوت اہلِ بیت خالدؓ کے خمیر میں ملی ہوئی تھی، ناپاک الاصل آدمی محبّ علیؓ نہیں ہو سکتا۔ (نعوذ باللہ)

مناظرہ بغداد ص ۱۰ ۔ بادشاہ نے کہا لوگ خالدؓ کو سیف اللہ کیوں کہتے ہیں۔ شیعہ مناظر نے کہا سیف اللہ نہیں سیف الشیطان تھا۔ لیکن چونکہ علیؓ کی دشمنی اور جناب فاطمہؓ کے گھر جلانے کی کاروائی میں حضرت عمرؓ کے ساتھ شریک تھا، اس لئے دشمنانِ علیؓ نے اس کو سیف اللہ کا لقب دیدیا ہے۔

. . . .

بعد از وفاتِ پیغمبر علیہ السلام سب صحابہؓ مرتد ہو گئے تھے

سلیمان گفت مردم ہمہ مرتد شدند بعد از وفاتِ رسولؐ خدا بجز چہار نفر۔

سلمان نے کہا کہ سب لوگ مرتد ہو گئے تھے رسولِ خدا کی وفات کے بعد۔ ملاحظہ ہو تفسیرِ صافی ص ۳۰۵ ج ۱۔ اصول کافی کتاب الروضۃ ص ۲۴۵ ج ۸ عربی ایران، حق الیقین ص ۱۲۷ حیات القلوب ص ۶۲۷ ج ۲ فارسی ایران۔ تفسیر برہان ص ۳۱۹ ج ۱۔ تفسیر عیاشی ج ۱ ص ۱۹۹۔ رجال کشی ص ۶۔ انوارِ نعمانیہ ص ۸۱ ج ۱۔ عین الحیوۃ ص ۳، تذکرۃ الائمۃ ص ۳۵۔ ترجمہ مقبول ص ۱۰ قولِ مقبول ص ۵۵، مناقب ابن آشوب ص ۱۹۵ ج ۳ وغیرذٰلک۔

کلیدِ مناظرہ ص ۱۳۵، سہم مسموم ص ۲۳۶ (اردو) عمرؓ بحالتِ روزہ جماع کر لیا کرتا تھا۔

مکالماتِ حسنیہ ص ۲۰ (اردو) عمرؓ بحالتِ جنب نماز پڑھ لیا کرتا تھا۔ (نعوذ باللہ)

سہمِ مسموم ص ۲۲۹ (اردو)۔ جنابِ عمرؓ کو لقب فاروق یہودیوں نے دیا تھا۔ نیز اسی صفحہ پر ہے جنابِ عمرؓ کا موجودہ قرآن پر ایمان نہیں تھا۔

جلاء العیون ص۲۳ حق الیقین ج۱ ص۱۱۷ وغرض حضرت از فرستادن این لشکر آن بود کہ مدینہ از اہل فتنہ و منافقاں خالی شود، وکسی با حضرت امیرالمؤمنین منازعہ نکند تا امر خلافت بر آنحضرت مستقر گردد۔ یعنی نبی علیہ السلام کی غرض جیشِ اسامہؓ کو بھیجنے کی صرف یہ تھی۔ مدینہ اہلِ فتنہ و منافقوں سے خالی ہو جائے اور کوئی آدمی علی شیرِ خدا سے مخالفت اور جھگڑا نہ کرے اور خلافت حضرت علیؓ پختہ ہو جائے۔

مکالماتِ حسنیہ ص۵۹ ۔ در روایت از عائشہؓ وانسؓ بن مالک و عمروؓ بن العاص و معاویہؓ کنند کہ ہر یک ازیں بدترین اہلِ روزگار اند،

حضرت عائشہؓ انسؓ بن مالک، عمروؓ بن العاص، معاویہؓ کے بارے میں یہ عقیدہ و نظریہ رکھتے تھے کہ وہ بدترین زمانہ تھے۔ (نعوذ باللہ)

حیاتُ القلوب فارسی مطبوعہ ایران، **کلیدِ مناظرہ ص۲۶۶**

جاگیرِ فدک ص۲۶۴ = ابن بابویہ بسندِ معتبر از حضرتِ صادق روایت کردہ است، سہ کس بودند کہ بر حضرتِ رسول در دروغ بسیاری بستند ابوہریرہؓ وانسؓ بن مالک و عائشہؓ۔

ابن بابویہ نے بسند معتبر حضرتِ صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ تین اشخاص ہیں جنہوں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ باندھا ہے، ابوہریرہؓ، انسؓ بن مالک، و عائشہؓ۔

خصائلِ معاویہ صـ۳۷۱ اردو - ابوہریرہؓ جُوا اور شطرنج کھیلتا تھا - لاحول ولا قوۃ الا باللہ

خصائلِ معاویہ صـ۳۷۶ اردو = ابوھریرہؓ وہ ہستی ہے کہ جھوٹی حدیثیں بنانے کا بادشاہ تھا - اس لئے عمرؓ اور جناب عائشہ نے اس کو سختی سے منع کیا تھا - اور صحابی ہو کر یہ جُوا کھیلتا تھا - بیت المال میں خیانت کیوجہ سے مار بھی کھائی تھی -

سہمِ مسموم صـ۵۲ اردو = جناب ابوبکرؓ نے جمہوریت کا جنازہ نکالتے ہوئے بغیر الیکشن کے یا شوریٰ کے اور اصحابؓ نبیؐ کے چیخنے چلانے کے باوجود بیت الخلاء میں کھڑے ہو کر اس حال میں کہ ان کے پاجامے کا ازار بند (یعنی نالا) ان کی بیوی اسمآء کے ہاتھ میں تھا - عزت مآب بڑی شان والے فاروقِ اعظم کی خلافت کا اعلان کیا = (معاذ اللہ)

قارئینانِ گرامی - یہ ہے غلام حسین نجفی لعین کی خانہ ساز اختراع - خلیفہ اوّل بلافصل سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے متعلق کس دیدہ دلیری سے بدتمیزی کا مظاہرہ کیا گیا ہے - میں اس ملعونِ زمانہ کی ملعون عبارت پر مزید کوئی تبصرہ نہیں کرنا چاہتا - کیونکہ صاحب عقل وشعور اور صاحب ادراک وفہم آدمی کو مذکورہ عبارت پڑھ کر خود بخود ہی محسوس ہونے لگے کہ کس بے غیرتی کا مظاہرہ کیا گیا ہے جناب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے متعلق، صحابہ کرامؓ

کے متعلق اس قسم کے غلط نظریات رکھنے والوں کے متعلق یہی عرض کرتا ہوا جاؤں گا۔ کہ

اُلٹی سمجھ کسی کو بھی ہرگز خدا نہ دے
دے آدمی کو موت پر یہ بدادا نہ دے

ذِی وقار قارئین۔ صحابہ کرامؓ، خلفاء راشدین، اہلِ بیتؓ عظام کے متعلق شیعی نظریات آپ نے ملاحظہ فرمائے اب باب کو ختم کرتے ہوئے امیر المؤمنین سید حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق شیعی دَھرم کی ایک ہفوات بھی آپ ملاحظہ فرمائیں۔ تاکہ صحیح علم ہو سکے کہ شیعہ لابی جو حبِ آلِ محمدؐ کا دعوٰی کرتے ہیں۔ یہ نفاق کی چال ہے وگرنہ حقیقت میں عداوتِ اہلِ بیت و صحابہ کرامؓ ہی اصل مشغلہ ہے۔

. . . .

تفسیر قمی ص۳۵ مطبوعہ نجف : عن أبی عبد اللہ علیہ السلام ان ھذا المثل (ان اللہ لا یستحی أن یضرب مثلاً ما بعوضۃ فما فوقھا) ضربہ اللہ لأمیر المومنین علیہ السلام فاما البعوضۃ امیر المومنین علیہ السلام۔

(لعنۃ اللہ علی الکذبین)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا یہ مثال (اِنَّ اللہَ لَا یَسْتَحْیٖٓ اَنْ یَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَۃً فَمَا فَوْقَھَا) اللہ تعالیٰ نے حضرت امیر المومنین علیہ السلام کے لئے بیان کی ہے: امیر المومنین ہی مچھر ہیں۔

حضراتِ ناظرین : معلوم ہوگیا آپ کو کتنی عظمت و مقام ہے حضرت امیر المومنین سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا شیعہ کے ذہن میں۔ کیا ایک ذی قدر و مقبولِ خدا ہستی کو مچھر کہنا یہ اس کی تعریف و توصیف ہے یا برائی و مذمت؟ کیا محبتِ الٰہی کا یہی معیار ہے کہ ایک آدمی کے متعلق یہ بھی کہا جائے کہ وہ ڈرپوک ہے، بزدل ہے شکل و صورت اچھی نہیں ہے، صاف گو بھی نہیں ہے، تقیہ کرتا ہے مچھر ہے وغیرہ وغیرہ۔

اس قسم کے مغلظات کے بعد یہ بھی کہا جائے کہ ہمیں بہت عزیز ہے کیا یہی ہے محبت و احترام؟ کیا یہ عداوت و توہین نہیں ہے۔

ے ٹپکتی ہے اداؤں سے برستی ہے نگاہوں سے
عداوت کون کہتا ہے کہ پہچانی نہیں جاتی

شیعہ کتب کا جس قدر مطالعہ کیا جائے یہی محسوس ہو گا کہ یہ پرلے درجے کے دشمنان صحابہ رض واہل بیت عظام ہیں۔

محترم قارئین گرامی! یہ تو تھا تفسیر قمی کا حوالہ مگر ذرا شیعہ مذہب کی ایک مشہور کتاب کا حوالہ بھی پڑھتے جائیں تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی والا فرق آپ کو بھی معلوم ہو جائے،

علل الشرائع ج ۲ ص ۴۸۶ :- "وان البعوض کان رجلا یستھزء بالانبیاء علیھم السلام ویشتمھم ویکلح فی فی وجوھھم ویصفق بیدیہ نعوذ باللہ تعالی۔

یعنی بعوض ایک مرد تھا، جو خدا کے نبیوں کیساتھ ہنسی و مذاق کرتا، اور نعوذ باللہ گالیاں دیتا۔ اور اس کے سامنے بکواس کرتا تھا۔ اور تالیاں بجاتا تھا۔ ان گستاخی کیوجہ سے خدا نے اس کو مچھر بنا دیا تھا۔ مگر اس شرم کیوجہ سے عبارت کو شیعی دھرم کے ملاؤں نے کس بے غیرتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تبدیل کر دیا۔

ے زینہار آزاں قوم نباشی کہ فریبند
حق را بسجودے و نبی را بدرودے

دربارۂ امامت

حیاتُ القلوبُ ج ۲ ص ۲۷ (طبع دارالکتب الاسلامیہ طہران بازار سلطانی)

ابن بابویہ و صفار و دیگراں بسند ہائی معتبر از حضرت صادق علیہ السلام روایت کردہ اند کہ حق تعالٰی حضرت رسول ص را صد و بست مرتبہ بآسمان بُرد و در ہر مرتبہ آنحضرت را درباب ولایت و امامت امیر المومنین علیہ السلام و سائر آئمہ طاہرین علیہم السلام زیادہ از فرائض تاکیدہ و مبالغہ نمود۔

ابن بابویہ اور صفار نے معتبر سند سے حضرت جعفر صادق سے روایت کی ہے کہ اللہ تعالٰی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک سو بیس مرتبہ آسمان پر لے گیا اور ہر مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ولایت و امامت حضرت امیر المومنین علیہ السلام اور تمام آئمہ علیہم السلام کے بارہ میں جملہ فرائض سے زیادہ تاکید کی اور مبالغہ کیا۔ (تذکرۃ الائمہ ص ۱۵)

حیات القلوب ج ۳ ص ۱۵ : برآنکہ اجماع علماء امامیہ منعقد است برآنکہ امام معصوم است از جمیع گناہان صغیرہ و کبیرہ از اوّل تا عمر آخر خواہ عمداً خواہ سہواً۔

اِمامت کی شرائط میں سے ایک شرط یہ ہے کہ آئمہ معصوم ہیں اس پر جملہ علماء امامیہ کا اجماع ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی طرح معصوم ہیں، ابتدائے عمر سے لیکر آخر عمر تک تمام صغیرہ و کبیرہ گناہوں سے

خواہ عمداً ہو یا سہواً۔

حیات القلوب ج۳ ص۲ فصل اول = واز بعضے اخبار معتبرہ کہ انشاء اللہ بعد ازیں مذکور خواہد شد معلوم می شود کہ مرتبہ امامت بالاتر از مرتبہ پیغمبریست۔

اور بعض معتبر اخبار میں جو انشاء اللہ اس کے بعد مذکور ہوں معلوم ہو جائیگا کہ امامت کا مرتبہ پیغمبری کے مرتبہ سے بالاتر ہے۔

الفروع الکافی کتاب الروضة ج۸ ص۳۸ = کان علی علیہ السلام افضل الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واولی الناس بالناس۔

حضرت علیؓ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمام لوگوں سے افضل اور اولی ہیں۔

تفسیر مرأة الانوار ص۲۶ = فان قوما قالوا ان اللہ خلقهم وفوض الیهم أمر الخلق فهم یخلقون ویرزقون ویمیتون ویحیون۔

شیعہ کی ایک جماعت نے کہا اللہ تعالٰے نے آئمہ کو پیدا کر کے تمام کام ان کے سپرد کر دیئے ہیں حتّٰی کہ آئمہ پیدا کرتے ہیں اور رزق دیتے ہیں اور زندگی اور موت بھی دیتے ہیں۔

اصول کافی ج۱ ص۱۷۹ = عن أبی حمزة قال قلت لابی عبد اللہ علیہ السلام اتبقی الارض بغیر امام قال لو بقیت الارض

بغیرِ امام لساخت۔

ابو حمزہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت جعفر صادق سے پوچھا (کیا) یہ زمین بغیر امام کے باقی رہ سکتی ہے فرمایا۔ اگر زمین بغیر امام کے رہے گی تو دھنس جائیگی۔

اُصُولِ کافی ص ۲۶۱ ج ۱ = عن ابی عبد اللہ یقول انی لاعلم مافی السمٰوات ومافی الارض واعلم مافی الجنۃ واعلم ما فی النار واعلم ما یکون؛

حضرت جعفر صادق نے فرمایا زمین و آسمان میں جو کچھ ہے اس کو میں جانتا ہوں، جنت وجہنم میں جو کچھ ہے اس کو میں جانتا ہوں۔ اور میں زمانہ ماضی ومستقبل کے پیش آمدہ واقعات کو جانتا ہوں۔

اُصُول کافی ص = قال ابو جعفر علیہ السلام ولایۃ اللہ اسرھا الی جبرئیل واسرھا جبرئیل الی محمدؐ واسرھا محمدؐ الی علیؑ واسرھا علیؑ من شاء ثم انتم تذیعون ذلک؛

حضرت باقرؑ نے فرمایا: امامت ایک راز تھا جو خدا نے پوشیدہ طور پر جبرئیل کو بتایا، اور جبرئیل نے حضورؐ کو بتایا۔ اور رسولِ خدا نے علیؓ کو راز کے طور پر بتایا، اور مولیٰ علیؓ نے جس کو چاہا، راز کے طور پر بتایا اور تم اس کی تشہیر کرتے ہو۔

جنابِ ناظرین؛ معلوم ہوا کہ امامت کے مسئلہ کے متعلق نہ

تو قرآن مجید میں کہیں کوئی تذکرہ ہے اور نہ ہی حدیث ہے۔ قرآن و حدیث میں تذکرہ تو درکنار بلکہ انسان کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا، کیونکہ یہ ایک راز تھا، اگر اس کا ذکر کہیں قرآن و حدیث میں ہوتا تو پھر یہ راز راز نہ رہتا، اب جعفری برادری کا مسئلہ امامت کے بارے میں الجھنا جھگڑے کرنا اور قرآن و حدیث میں سے کچھ پیش کرنا سوائے جہالت کے کچھ نہیں ہوگا۔

. . . .

متعہ کی اہمیت

فروع کافی ج ۲ص ۴۹ ۔ عن أبی عبد اللہ علیہ السلام قال المتعہ نزل بہا القرآن وجرت بہا السنۃ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

حضرت جعفر صادق سے روایت ہے کہ متعہ کا حکم قرآن مجید میں نازل ہوا۔ اور اس کا اجراء خود حضور علیہ السلام نے کرایا (نعوذ باللہ منہ)

حضراتِ قارئین گرامی ۔ متعہ شیعی دھرم کا مشہور و معروف مسئلہ ہے جو ان کی کتابوں میں فضیلت کے اعتبار سے بڑی شہ سرخیوں کے ساتھ لکھا ہوا نظر آتا ہے مگر با ایں ہمہ پھر بھی بہت کم لوگ ہوں گے جو یہ علم رکھتے ہوں گے کہ **شیعی دھرم** میں متعہ صرف جائز اور حلال ہی نہیں بلکہ ایک اعلیٰ درجے کی عبادت بھی ہے اور ان کے ہاں یہ جملہ عبادات نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج جیسی افضل عبادت سے بھی کئی گنا درجہ رکھتا ہے۔ پوری دنیا میں ایسا دوسرا کوئی بھی مذہب نہیں جس میں کسی ایسے شنیع و قبیح فعل یا عمل کو اس درجہ کی عبادت اور بلندیٔ درجات کا وسیلہ بتایا گیا ہو۔

